بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

اسلام آباد سمیت کئی شہروں میں تیز آندھی، 10 افراد ہلاک

تیز آندھی اور گرد و غبار سے نظام زندگی مفلوج، مواصلات کا نظام درہم برہم، سائن بورڈ زمیں بوس، راولپنڈی میں طوفان کی رفتار 138، اسلام آباد میں 110 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی

پشاور، چارسدہ، شبقدر، تخت بھائی، سوات اور دیگر علاقوں میں مکان اور دیواریں گرنے سے متعدد افراد شدید زخمی ہوگئے، باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ عارضی طور پر پروازوں کیلئے بند

اسلام آباد، پشاور (نمائندگان جنگ) راولپنڈی، اسلام آباد سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں تیز آندھی اور گرد و غبار کے طوفان سے نظام زندگی مفلوج ہوکر رہ گیا۔ مواصلات کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ سائن بورڈز زمیں بوس، درخت جڑوں سے اکھڑ گئے۔ پشاور، چارسدہ، شبقدر، تخت بھائی، سوات سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں دیواریں اور چھتیں گرنے اور دیگر واقعات میں پانچ بچوں سمیت 10 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق راولپنڈی میں طوفان کی رفتار 138 کلومیٹر جبکہ اسلام آباد میں 110 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی اس دوران مٹی اور گرد کی وجہ سے مغرب سے قبل ہی اندھیرا چھا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران راولپنڈی، اسلام آباد سمیت مالاکنڈ، ہزارہ، پشاور، کوہاٹ ڈویژن، کشمیر، گلگت اور بلتستان میں تیز گرد آلود ہوائیں چلنے کے علاوہ بارش کا بھی امکان ہے۔ گزشتہ روز ملک میں سب سے زیادہ گرمی دادو میں پڑی جہاں درجہ حرارت 48 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ پشاور اور نواحی علاقوں میں شام کو زبردست آندھی اور طوفان چلنے سے کئی کچے مکانات کی دیواریں گر گئیں بعض علاقوں میں بجلی اور ٹیلی فون کا نظام درہم برہم ہوگیا جبکہ پشاور کے نواحی علاقے میں ایک دیوار گرنے سے دو افراد جاں بحق اور تین شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں 33 سالہ خادم حسن، بارہ سالہ سبز علی اور پندرہ سالہ ساجد شامل ہیں۔ طوفان کے باعث باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پروازوں کی آمدورفت عارضی طور پر معطل کر کے ایئرپورٹ کو بند کر دیا گیا۔ تیز طوفان کے باعث پشاور کے نواحی علاقے بڈھ بیرہ کے چوڑیزئی پایان میں ایک ہیلی کاپٹر نے ہنگامی لینڈنگ کی اور حادثے سے بال بال بچ گیا۔ چارسدہ اور شبقدر میں شدید آندھی اور طوفان نے تباہی مچا دی کمروں کی چھتیں اور دیواریں گرنے سے خاتون اور دو بچوں سمیت چار افراد جاں بحق جبکہ ایک عورت سمیت دو افراد شدید زخمی ہوگئے، آندھی اور طوفان سے متعدد مکانوں کی دیواریں گر گئیں۔ تھانہ کا گیٹ بھی اکھڑ گیا درجنوں درخت جڑ سے اکھڑ گئے اور بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ علاقہ میاں کلی میں مکان کی چار دیواری گرنے سے 14 سالہ وقاص ولد رحمان سید، مٹہ مغل خیل میں احمد علی ولد ظفر، محمد شاہ اور مٹہ نرے خوڑ میں پانچ بچوں کی ماں دیوار گرنے سے موقع پر جاں بحق ہوگئی جبکہ دریاب کورونہ میں ایک نوجوان اور ایک ضعیف العمر شخص زخمی ہوگیا۔ تخت بھائی کے مختلف علاقوں میں دیواریں گرنے سے ایک بچی سمیت تین افراد جاں بحق اور 57 افراد زخمی ہوگئے۔ طوفانی ہواؤں سے بجلی اور مواصلات کا نظام درہم برہم اور بجلی معطل ہوگئی۔ تناور درخت بجلی کے تاروں پر گرنے سے تار ٹوٹ گئے۔ علاقہ اشرف آباد میں دیوار گرنے سے 65 سالہ حکمت شاہ اور پرخو میں دیوار گرنے سے 31 سالہ اختر جان جاں بحق ہوگئے جبکہ جلالہ مہاجر کیمپ موٹر سائیکل پر جانیوالے شمشاد خان پر سڑک کے درمیان درخت گرنے سے شدید زخمی ہوگئے۔ علاقہ پیر صدو اور رنج کوٹھے میں دیوار اور کمرہ گرنے سے دو بچوں سمیت چھ افراد زخمی ہوگئے جبکہ ہاتھیاں میں دیوار گرنے سے دولوند خوڑ میں تین افراد شیر گڑھ میں چار، جلالہ میں دو افراد زخمی ہوگئے۔ اس طرح تمام بازاروں میں ٹریفک معطل رہی اور دکانوں کی چھتیں اڑنے سے متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ طوفانی ہواؤں سے جگہ جگہ باغات اور سبزیوں کی فصل کو بھی زبردست نقصان پہنچا۔ شیر گڑھ سے نامہ نگار کے مطابق 57 افراد زخمی ہوگئے۔ سوات میں تیز بارش، آندھی، طوفان نے تباہی مچادی۔ دریائے سوات کے بہاؤ میں اضافہ ہوگیا۔ گھروں کی دیواریں گرنے سے ایک بچی جاں بحق، جبکہ بچوں اور خواتین سمیت چالیس سے زائد افراد زخمی ہوگئے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے